سفارشات برائے کاشتکاران

15 تا 31 دسمبر 2021

ملک محمد اکرم، ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب

- فصلوں/ باغات/ سبزیات کو کورے سے بچانے کے لیے کورا پڑنے والی راتوں میں فلڈ، ڈرپ یا سپرنکلر نظامِ آبپاشی کے ذریعے ہلکی آبپاشی کریں اور ممکن ہو تو چھوٹے پودوں کو پرالی یا پولی تھین شیٹ سے ڈھانپ دیں۔ سپرنکلر نظامِ آبپاشی کی دستیابی کی صورت میں کورا پڑنے کے اوقات میں آبپاشی نہایت مفید ہوتی ہے۔

- گندم کی فصل کو پہلی آبپاشی بوائی سے 20 تا 25 دن بعد کریں جبکہ دھان والے علاقوں میں پہلی آبپاشی 30 تا 35 دن بعد کریں۔ گندم کی فصل کو اس نازک مرحلے (جھاڑ بننے کا عمل) پر آبپاشی ضرور کریں کیونکہ اس مرحلے پر آبپاشی کرنے سے گندم میں جھاڑ زیادہ بنتا ہے اور سٹوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔
- روایتی طریقے سے کاشت کردہ آلو کی فصل کو 7 تا 10 دن کے وقفہ سے آبپاشی کریں جبکہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کے ذریعہ کاشتہ آلو کو محکمہ زراعت کے ماہرین کے مشورہ کے مطابق آبپاشی کریں۔
- موسمی حالات کے پیش نظر اس وقفے کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔
- تارامیرا کی فصل کو پہلا پانی اگاؤ کے 35 دن بعد، دوسرا پھول آنے پر اور تیسرا بیج بنتے وقت دینا چاہیے۔ بروقت آبپاشی کرنے سے بیج صحت مند اور زیادہ بنتا ہے اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔
- فصل کو پانی لگانے سے پہلے کھالا جات کی اچھی طرح سے صفائی کریں، یعنی جڑی بوٹیوں کو ختم کرنے کے لیے جڑی بوٹی مار زہروں کا استعمال کریں تاکہ پانی کے بہاؤ میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ نہ ہو۔
- کھالا جات میں جانوروں یا بچوں کو بیٹھنے اور نہانے نہ دیں اس سے پانی کا بہاؤ متاثر ہونے سے پانی ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے ٹنل میں لگائی گئی سبزیوں کی آبپاشی اور پانی میں حل پذیر کھادوں کا استعمال بذریعہ فرٹیگیشن شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے ماہرین کے مطابق جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ مائع کھادوں کا استعمال پودے کو سالٹ انجری (Salt Injury) سے بچاؤ کے لیے بھی انتہائی مددگار ہے۔
- اضافی نہری پانی یا زائد بارشی پانی کو آبی تالابوں میں جمع کریں تاکہ بعد ازاں ضرورت کے وقت فصلوں کی آبپاشی کے کام آسکے۔
- ایسے علاقے جہاں زمینی پانی کا معیار انتہائی ناقص ہے وہاں ٹیوب ویل کے ذریعے آبپاشی انتہائی ضرورت کے وقت کریں۔
- ریتلی، پتھریلی، غیر آباد، پانی کی کمی والی، بارانی اور ناہموار زمینوں میں منافع بخش فصلوں/ گھنے باغات کی کاشت بذریعہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کریں۔
- فصلات کی آبپاشی سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملے سے رابطہ کریں۔